# تاریخ الخلفاء

ابوبکر صدیق
عمر فاروق
عثمان عفان
علی المرتضیٰ
امیر معاویہ
عبداللہ بن زبیر
عمر بن عبدالعزیز
الرشید ہارون ابوجعفر

مصنف
## امام جلال الدین سیوطی

مترجم
مولانا محمد عبدالاحد قادری

## ممتاز اکیڈمی

Date:____________

# تاریخ الخلفاء

اس کتاب کو ابو حنظلہ محمد اشرف عطاری نے
اپنی کوششوں سے تیار کیا ہے اللہ تعالیٰ
اس کوششوں کو قبول فرمائے

جامعۃ المدینہ نورانی مسجد کورنگی

نظر ثانی

نور احمد عطاری قادری

فون نمبرز

محمد اشرف - 03191372842

03063827248 -

تاریخ: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ

سوال حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کس کے اور کون سے خلیفہ تھے؟

حضرت صدیق اکبر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے پہلے خلیفہ تھے

سوال حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا اسم مع نسب لکھیں

آپ کا اسم مبارک عبداللہ بن ابی قحافہ تھا

سوال حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا نسب حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کہاں تک جاملتا ہے

" آپ کا نسب حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ساتویں مرّہ بن کعب سے جاملتا ہے

س حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا لقب کیا ہے

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا لقب صدیق ہے

س حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ظاہری وصال کے بعد کس نے مرتدین سے خلاف جنگ کی

حضرت ابوبکر صدیق نے

س واقعہ معراج کی سب سے پہلے بلا توقف گواہی کس نے دی

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے

س حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا نام صدیق کس نے رکھا

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا حضرت ابوبکر وہ ہستی ہے جس کا نام اللہ تعالیٰ نے جبریل اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے صدیق رکھا

تاریخ: ________

سوال 8 حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی والدہ ماجدہ کا کیا نام؟

حضرت ابوبکر رضی اللہ کی والدہ ماجدہ کا نام سلمیٰ بنت صخر اور کنیت ام الخیر تھی

سوال 9 حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے کچھ اخلاقیات

ابن عساکر نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ خدا کی قسم والد ماجد حضرت ابوبکر صدیق نے زمانہ جاہلیت میں کبھی کوئی شعر نہیں کیا اور نہ ہی اسلام میں ہے

س 10 زمانہ جاہلیت میں خون بہا اور جرمانہ کا کام کس کے پاس تھا؟

زمانہ جاہلیت میں خون بہا اور جرمانہ کا کام حضرت ابوبکر اکبر رضی اللہ عنہ کے پاس تھا

س 11 کس خلیفہ نے زمانہ جاہلیت میں شراب کبھی نہیں پی؟

خلیفہ اول حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے زمانہ جاہلیت میں شراب [illegible] نہیں پی۔

س 12 حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا مختصر حلیہ لکھیں؟

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ کا رنگ گورا چٹا، چھریرا بدن اور رخسار مبارک ذرا اندر دبے ہوئے تھے، کمر جھکا ہوا تھا، آپ کا پاجامہ نیچے کو کھسک جاتا تھا، چہرہ کی رگیں ظاہر تھیں، آنکھیں نیچی رکھتے تھے، بلند پیشانی تھی، انگلیوں کی جڑیں گوشت سے خالی تھیں۔ آپ مہندی اور کسم کا خضاب کیا کرتے تھے۔

تاریخ:

13 س کس صحابی رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی

حضرت زید بن ارقم سے روایت ہے کہ جس شخص نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سب سے پہلے نماز پڑھی وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں

14 س حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا قبول اسلام لکھیں

حضرت سیدنا علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اسلام لائے

15 س حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر سب سے پہلے کون اسلام لائے!

سب سے پہلے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر اسلام لائے

16 کون سے صحابی رضی اللہ عنہ قبول اسلام سے لیکر وفات تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ زندگی بسر کی

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے قبول اسلام سے لیکر وفات تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ زندگی بسر کی

تاریخ: ________

جنگ بدر میں کون سے صحابی رضی اللہ عنہ اپنے بیٹے کی زد میں آئے 17

جنگ بدر میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنے بیٹے کی زد میں آئے

شجاعت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر مختصر نوٹس لکھیں 18

مختصر شجاعت

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تمام صحابہ میں زیادہ بہادر تھے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اے لوگو مجھے خبر دو کہ سب سے بہادر اور شجاع کون شخص ہے لوگوں نے کہا آپ ہیں۔ فرمایا میں ہمیشہ اپنے برابر کے جوڑ کے ساتھ لڑتا ہوں یہ کوئی بہادری نہیں ہے تم سب سے بہادر شخص کا نام بتاؤ لوگوں نے عرض کیا ہمیں معلوم نہیں ہے آپ نے فرمایا سب سے شجاع اور بہادر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں

تاریخ:

19 بقول مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم حضور پہ زیادہ احسان کس صحابی رضی اللہ عنہ کے ہیں

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے اوپر کسی کا احسان نہیں رہا سب کا اتار دیا مگر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا البتہ میرے ذمہ باقی ہے اس لیے احسان اتنا بڑا ہے کہ اس کا عوض قیامت کے روز اللہ ہی عطا کرے گا

20 حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کا علم لکھیں

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سب سے بڑے عالم اور ذکی تھے۔ تہذیب میں امام نووی نقل کرتے ہیں کہ علماء نے آپ کے وفور علم پہ بخاری مسلم کی ایک حدیث سے استدلال کیا ہے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا اللہ کی قسم اگر کوئی شخص نماز و زکوۃ میں کچھ بھی فرق بتلائے گا تو میں اس سے لڑائی کروں گا

تاریخ:______

21 حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے فتوی کے بارے میں
کچھ لکھیں؛
شیخ ابو اسحاق نے اس سے استدلال لیا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سب سے زیادہ عالم تھے کیونکہ صحابہ کرام کو جب اس مسئلہ میں توقف ہوا تو اس کو حضرت ابوبکر صدیق کی خدمت میں پیش کرتے جو کچھ آپ کی رائے ہوتی مباحثہ کے بعد وہی ٹھیک اور صحیح ٹھہری اور صحابہ نے اسی کی طرف رجوع کیا
حضرت ابن عمر رضی اللہ سے کسی نے سوال کیا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں کون شخص فتوی دیا کرتا تھا، آپ نے فرمایا کہ حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہم سے زیادہ عالم کوئی نہیں تھا

22 ابن کثیر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے
علم کے بارے میں کیا لکھتے ہیں
علامہ ابن کثیر کہتے ہیں کہ اللہ کے کلام کا علم حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو سب سے زیادہ تھا کیونکہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ میں صحابہ کرام کا امام بنایا تھا اور حضور نبی کریم نے خود ہی فرمایا ہے کہ قوم کا امام قرآن شریف سب سے زیادہ جاننے والا ہونا چاہیے اور آپ نے فرمایا ہے کہ جس قوم میں حضرت ابوبکر صدیق ہوں وہاں کوئی شخص سوائے آپ کے امامت نہیں کر سکتا

حضور

تاریخ:

23 افضل الصحابہ کون سے صحابی رضی اللہ عنہ ہیں؟

افضل الصحابہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں

24 س حضرت ابوبکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کی مدح میں حضرت حسان

بن ثابت (رضی اللہ عنہ) کونسا اشعار پڑھے؟

(ج) وثانی اثنین فی الغار المنیف قد

طاف عدو بہ اذ صعد الجبلا

25 س بقول مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) اس امت میں سب سے زیادہ

رحم دل کون ہے؟

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت ابوبکر صدیق

رضی اللہ عنہ سب سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں؟

26 س کس صحابی رضی اللہ عنہ نے حضرت بلال کو کس قبیلے سے اور

کتنی رقم سے آزاد کروایا؟

حضرت ابوبکر صدیق (رضی اللہ عنہ) نے امیہ بن خلف

سے حضرت بلال کو ایک چادر اور چار سو درہم

کے عوض خرید کر آزاد کر دیا۔

27 احادیث کی روشنی میں حضرت ابوبکر صدیق

رضی اللہ کی فضیلت بیان کریں؟

ترمذی نے حضرت ابوسعید خدر رضی اللہ عنہ سے

روایت کی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا کہ ایسا کوئی نبی نہیں ہوا جس

کے دو وزیر آسمان کے رہنے والوں اور

دو وزیر زمین کے باشندوں میں سے نہ ہوں

تاریخ: ________

لھذا میرے دو وزیر آسمان میں جبریل
ومیکائیل علیہم السلام اور دو وزیر زمین پر ابوبکر
اور عمر فاروق رضی اللہ عنھم ہیں
اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوبکر
جنتی ہیں اور حضرت عمر جنتی ہیں
تمام عشرہ مبشرہ کو ذکر کیا

28 بقول حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس امت کے خاص آدمی کون ہیں
طبرانی نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے
کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر نبی کی امت میں کچھ
خاص ~~لوگ~~ لوگ ہوا کرتے ہیں میری امت کے خاص ابوبکر
و عمر رضی اللہ عنھم ہیں

29 بقول حضور صلی اللہ علیہ وسلم تین سو ساٹھ نیک خصلتیں
کس صحابی رضی اللہ عنہ کے اندر پائی جاتی ہیں
حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا اچھی خصلتیں
تین سو ساٹھ ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ ارادہ کرتا ہے کسی
بندہ کو جنت دی جائے تو ان میں سے ایک اس کے
اندر ڈال دیتا ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
نے عرض کیا کہ ان میں سے کوئی خصلت مجھ میں بھی ہے؟
آپ نے فرمایا تم سب خصلتوں کے جامع ہو۔

تاریخ:

30 بقول حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی محبت اور شکر میں کس کس پر واجب ہے

ابن عساکر حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی محبت اور ان کا شکر میری تمام امت پر واجب ہے

31 کس کے قول کے مطابق حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ایمان تمام مخلوق کے ایمان سے زیادہ ہے

حضرت عمر فاروق کے قول کے مطابق اگر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ایمان اور تمام اہل زمین کے ایمان کو وزن کیا جائے تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ایمان کا پلہ غالب رہے گا

32 کس کے قول کے مطابق حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہمارے سردار ہیں

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہمارے سید یعنی سردار ہیں

سب سے پہلے کس نے بیت المال مقرر کیا؟

سب سے پہلے بیت المال خلیفہ اول حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے قائم کیا۔

تاریخ: ________

33 حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے
غسل کے بعد کس کیلئے وصیت کی۔
ابن ابی الدنیا: ابن ابی ملیکہ سے روایت کرتے ہیں
کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ
وصیت فرمائی۔ آپ کی بیوی اسماء بنت عمیس
غسل دیں اور عبدالرحمن بن ابوبکر صدیق
رضی اللہ عنہ ان کی اس کام میں مدد کریں
34 ثانی اثنین سے کون سی شخصیت ہے۔
ثانی اثنین حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ
ہیں

تاریخ: ________

## حضرت عمر بن خطاب (رضی اللہ عنہ)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا نام نسب لکھیں 35

آپ کا نام عمر بن خطاب بن نفیل بن عبد العزی بن رباح بن قرط بن زراح الخ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہیں

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کتنے مرد اور عورتوں کے بعد اسلام لائے 36

بعض اہل علم نے کہا ہے کہ انتالیس مردوں اور تینتیس عورتوں کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ مسلمان ہوئے

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کب پیدا ہوئے 37

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ واقعہ فیل کے تیرہ سال بعد پیدا ہوئے

کس خلیفہ کے آنے سے شیطان راستہ چھوڑ دیتا ہے 38

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے آنے سے شیطان راستہ چھوڑ دیتا ہے

سب سے پہلے اسلام کس نے ظاہر کیا 39

سب سے پہلے اسلام حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ظاہر کیا

تاریخ: ________

40 کرامت حضرت عمر فاروق رضی اللہ کو بیان کریں
حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ساریہ کو
سردار لشکر بنا کر جنگ کیلئے بھیجا تھا ایک
روز آپ خطبہ فرمارہے تھے کہ خطبہ میں
یا ساریۃ الجبل تین مرتبہ فرمایا
یعنی اے ساریہ پہاڑ کی طرف جا
آپ کی آواز سن کر حضرت ساریہ
پہاڑ کی طرف گئے

41 کون سے خلیفہ حالت خلافت میں تجارت
کیا کرتے تھے
خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ
عنہ حالت خلافت میں تجارت کیا کرتے
تھے

42 حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا لباس کیسا تھا
حضرت قتادہ کہتے ہیں کہ اکثر حضرت عمر رضی اللہ عنہ
صوف کا لباس پہنتے تھے حالانکہ آپ خلیفہ تھے

43 سب سے پہلے اسلام کو کس نے ظاہر کیا
سب سے پہلے اسلام کو حضرت عمر رضی اللہ
عنہ نے ظاہر کیا

44 حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا خوف خدا کیسا تھا

عبداللہ بن عیسی کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے چہرے
پر رونے سے دو سیاہ لکیریں پڑ گئی تھی۔ اور بعض
دفعہ آپ اپنی وظیفے کی آیت پڑھتے پڑھتے ایسے گرتے تھے
کہ کئی دن تک لوگ بیمار پرسی کرنے آیا کرتے تھے
~~حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ~~

45 حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بارے میں
حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول کیا ہے

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہے حضرت
عمر فاروق رضی اللہ عنہ نہایت سبک فہم تیز
خاطر اور معاملہ فہم تھے ہر کام کو اکیلے ہی کرنے
کی ہمت رکھتے تھے۔

46 حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے نزدیک
اس زمین پر عزیز کون ہیں رسول اللہ کے علاوہ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے نزدیک
~~عزیز رسول اللہ کے علاوہ~~ اس زمین
پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہیں
رسول اللہ کے علاوہ

47 نماز تراویح کی جماعت کا اہتمام کس نے کیا؟

نماز تراویح کی جماعت کا اہتمام حضرت عمر فاروق
رضی اللہ عنہ نے کیا

تاریخ ______

48 ہجری تاریخ سب سے پہلے کس نے مقرر فرمائی؟
ہجری تاریخ سب سے پہلے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مقرر کی

49 حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کب خلیفہ بنے؟
حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ 22 جمادی الآخر 13 ہجری میں خلیفہ بنے

50 حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
حضرت عمر فاروق اعظم کی نماز جنازہ حضرت صہیب رومی نے پڑھائی۔

51 حضرت عمر فاروق اعظم کی انگوٹھی کا نقش کیا تھا؟
آپ عہد خلافت پر یہ نقش کندہ تھا "کفی بالموت واعظا"

52 سب سے پہلے امیر المومنین کسے کہا گیا؟
حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو امیر المومنین کہا گیا۔

53 حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی وفات کے وقت کتنی عمر تھی۔
شہادت کے وقت آپ کی عمر 63 سال تھی بعض کا قول ہے
کہ چھیاسٹھ سال کی عمر پائی بعض کہتے ہیں 61 بعض
نے کہا 60 سال کہا گیا ہے۔ 54 سب سے پہلے گھوڑوں کی زکوٰۃ کس نے لی؟
حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے گھوڑوں پر زکوٰۃ وصول کی۔

55 سب سے پہلے درہ کس نے ایجاد کیا؟
حضرت عمر فاروق اعظم نے درہ ایجاد کیا۔

تاریخ: ________

س5: حضرت عمر فاروق اعظم (رضی اللہ عنہ) خلیفہ اور بادشاہ کے درمیان کیا فرق بتایا؟

میں بڑا فرق ہے خلیفہ اور بادشاہ میں تو آپ نے فرمایا کیا فرق ہے تو انھوں نے کہا خلیفہ وہ ہے کہ جو نہ کسی سے بیجا پیسہ وصول کرے اور نہ ہی کسی کو دے اور الحمد اللہ کہ آپ میں یہ دونوں باتیں موجود ہیں اور بادشاہ وہ ہے کہ لوگوں سے بلاوجہ وصول کرے اور جس سے چاہے حاصل کرے اور جس کو چاہے دیدے آپ یہ سن کر خاموش ہو گئے

س6: کونسا خلیفہ لوگوں کی جھوٹی بات کو جان لیتے تھے؟

امام حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جھوٹ کو پہچان لیا کرتے تھے اور یہ بات آپ کے لئے مخصوص تھی۔

س7: حضرت عمر فاروق نے دور خلافت میں پہلا جمعہ کہاں پڑھا یا؟

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دور خلافت میں پہلا جمعہ عراق میں پڑھایا؟

~~قادسیہ اور ... تیس کے~~

س8: اسلام میں کے ماں باپ کون ہے؟

اسلام کے ماں و باپ حضرت عمر و ابوبکر ہے

پیر شریف
تاریخ: 20-2-2023

# حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

59 حضرت عثمان (رضی اللہ عنہ) کا نام و نسب لکھیں؟
حضرت عثمان کا سلسلہ نسب اس طرح ہے، عثمان بن عفان بن ابو العاص بن امیہ بن عبد شمس بن مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوئی بن غالب قریشی اموی۔

60 حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کی کنیت کیا تھی؟
حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی کنیت ... بعض کہتے ہیں کہ ابو عبداللہ اور ابو لیلیٰ آپ کی کنیت تھی۔

61 حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کب پیدا ہوئے اور کب اسلام لائے؟
حضرت عثمان عام الفیل کے چھ برس بعد پیدا ہوئے آپ ابتدائے اسلام ہی میں ایمان لے آئے تھے۔

62 حضرت عثمان نے کتنی تجارتیں کیں؟
حضرت عثمان نے دو تجارتیں کی (۱) حبشہ (۲) مدینہ

63 حضرت عثمان غنی سے حضرت رقیہ کا نکاح کب ہوا؟
آپ کی شادی قبل نبوت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت رقیہ سے ہوئی۔

64 حضرت عثمان جنگ بدر میں کیوں شریک نہیں ہوئے؟
کیونکہ آپ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم حضرت رقیہ کی تیمارداری کرو۔

تاریخ: 20-2-2023

65 حضرت ام کلثوم (رضی اللہ عنہا) کا انتقال کب ہوا؟

ام کلثوم کا بھی انتقال مدینہ منورہ میں 9 ہجری میں ہوا۔

66 حضرت ام کلثوم (رضی اللہ عنہا) کا نکاح حضرت عثمانؓ سے کب ہوا؟

حضرت رقیہ (رضی اللہ عنہا) کے انتقال کے بعد آپ کی شادی

حضرت رقیہ کی دوسری بہن ام کلثوم سے حضور صلی اللہ

علیہ والہ وسلم نے فرما دی۔

67 ذو النورین کس صحابی (رضی اللہ عنہ) کا لقب ہے؟

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا لقب ذو النورین تھا۔

68 قرآن کو کس صحابی (رضی اللہ عنہ) نے جمع کیا؟

حضرت عثمان غنی نے۔

69 حضرت عثمانؓ مناسک حج سب سے زیادہ کون جانتے تھے؟

محمد بن سیرین بیان کرتے ہیں کہ حضرت عثمان غنی (رضی

اللہ عنہ) مناسک حج کے سب سے زیادہ جاننے والے تھے

70 جاہلیت کے زمانے میں حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کی کنیت کیا تھی؟

عہد جاہلیت میں آپ کی کنیت ابو عمر تھی۔

71 کس صحابی (رضی اللہ عنہ) کا نکاح بذریعہ وحی کیا گیا؟

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا۔

72 کس صحابی سے فرشتے حیا کرتے تھے۔

حضرت عثمان غنی سے

73 حضرت عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کی کب بیعت کی گئی؟

حضرت عمر کی وفات کے تین دن بعد آپ سے بیعت

کی گئی

تاریخ: ______

حضرت عثمان کب شہید ہوگئے؟ 74

حضرت عثمان غنی 35 ھجری میں شہید کیے گئے

حضرت عثمان کی انگوٹھی کا نقش کیا تھا؟ 75

حضرت عثمان کی انگوٹھی پر یہ نقش مرتسم تھا۔

امنت بالذی خلق فسوی۔

حضرت جاگیریں سب سے پہلے کس نے مقرر کیا؟ 76

حضرت عثمان نے سب سے پہلے لوگوں کے لیے جاگیریں مقرر فرمائی

مؤذنوں کی تنخواہ اور جمعہ کی پہلی اذان کس نے سب 77

سے پہلے مقرر کروائی؟

جمعہ کے دن اذان اول دینے کا حکم صادر فرمایا اور

مؤذنوں کی تنخواہیں مقرر فرمائیں۔

کس صحابی رضی اللہ عنہ کی مشابہت حضرت ابراہیم 78

علیہ الصلاۃ والسلام سے ہے

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی مشابہت

حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام سے ہے

سب سے پہلا فتنہ کیا ہے؟ 79

سب سے پہلا فتنہ حضرت عثمان

رضی اللہ عنہ کو شہید کرنا

تاریخ:______

حضرت علی شیر خدا رضی اللہ عنہ

80 حضرت علی شیر خدا رضی اللہ عنہ کا نام مع نسب لکھیں
علی بن ابی طالب المعروف عبد مناف بن
عبد المطلب المعروف شیبہ بن ہاشم المعروف
عمر بن عبد مناف المعروف مغیرہ بن قصی المعروف
زید بن کلاب بن مرہ کعب بن لوئی بن غالب
فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ

81 حضرت علی شیر خدا رضی اللہ عنہ کی کنیت کیا ہے؟
حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت ابو الحسن تھی
اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کی کنیت ابو تراب
رکھی تھی

82 حضرت علی شیر خدا رضی اللہ عنہ سے کتنی حدیثیں
روایت ہیں
حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضور نبی کریم
صلی اللہ علیہ وسلم سے پانچ سو چھیاسی احادیث
روایت کی ہیں

83 علم کا ~~~~ دروازہ کون سا خلیفہ ہیں
ترمذی حاکم حضرت علی رضی اللہ سے روایت کرتے ہیں کہ
حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں
علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے

تاریخ: ______

84 سب سے اچھا فیصلہ کس کا ہوتا ہے بقول حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ ہم میں سب سے بہتر فیصلہ کنندہ ہیں

85 بقول حضرت علی شیر خدا رضی اللہ عنہ مومن کون ہوگا اور منافق کون ہوگا

صحیح مسلم میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے اس ذات کی قسم جس نے دانہ اگایا اور جان پیدا کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے عہد کیا ہے کہ مومن تجھ سے اے علی محبت رکھے گا اور منافق بغض رکھے گا

86 سب سے زیادہ آیتیں کس حق میں نازل ہوئیں

سب سے زیادہ آیتیں حضرت علی شیر خدا رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئیں

87 مدینہ میں ماہر علم فرائض کون تھے

مدینہ میں ماہر علم فرائض حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے